اس وقت جانا جاتا ہے جب انسان کے پاس ان سے فائدہ اُٹھانے کا وقت نہیں رہتا‘‘۔(ص ۸)

مصنف کے ذاتی احوال، خانگی زندگی، دوستوں سے تعلّق اور معروف شخصیات، مثلاً خواجہ حسن نظامی، علامہ شبلی نعمانی، مولانا سلیمان پھلواری، علامہ اقبال، مولانا ظفر علی خاں، مولانا محمد علی جوہر، اکبرالٰہ آبادی، نیاز فتح پوری کا تذکرہ، سلیس، سادہ اور دلی کی مستند زبان میں پڑھنے کو ملتا ہے۔ اُس زمانے کی معاشرت، ثقافت اور طرزِ زندگی اور انسانی رویوں اور اقدار میں تبدیلی سے بھی قاری آگاہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ مُلّا واحدی اپنی یہ خودنوشت بیماری کی وجہ سے مکمل نہ کرسکے، آخر میں لکھتے ہیں کہ: میری عمربھر کی دو ہی قابلِ ذکر باتیں ہیں: اوّل: قلم کاری، دوم: میونسپل کمیٹی کی ممبری۔ ان دونوں پر ’افسانہ حیات‘ کو نامکمل چھوڑنے کا اعلان کردینے کے باوجود لکھ دیا گیا، لٰہذا میرا افسانہ مکمل سمجھنا چاہیے۔ کچھ ملاقاتیوں کا تذکرہ رہ گیا۔ وہ میری کتابوں: ناقابلِ فراموش لوگ اور مقالات، انشائیے اور شخصیتیں میں کافی ہے۔ مُلّا واحدی اس سرگذشت کا اختتام ان الفاظ پر کرتے ہیں: ’’اپنے حالات آپ لکھنے میں یہ بڑی خرابی ہے کہ طوطے کی طرح انسان کو اپنے منہ سے اپنے تئیں ’میاں مٹھو‘ کہنا پڑتا ہے۔ کچھ نہ کچھ خودنمائی ضرور کرنی پڑتی ہے‘‘(ص۱۴۴)۔(امجد عباسی)

تعارف کتب

◉ **حکمتِ قرآن**، جسٹس شہزاد شیخ۔ ناشر: مشن انٹولائٹ انٹرنیشنل، لاڑکانہ، پوسٹ بکس نمبر۷، لاڑکانہ۔ صفحات: ۲۶۴۔ قیمت (مجلد): ۳۰۰ روپے۔[ریڈیو پاکستان کے پروگرام ’روشنی‘ میں پیش کی گئی تقریروں کا مجموعہ۔ ۵۵عنوانات کے تحت مختلف موضوعات پر کہیں مفصل اور کہیں مختصر بحث کی گئی ہے۔ قرآن مجید کی آیات سے استشہاد کیا گیا ہے اور صرف ترجمے پر اکتفا کیا ہے۔ موضوعات میں ایمان وکفر، حقوق وفرائض، عبادات و معاملات، اور اخلاق و فضائل کو قدرے عصری رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔]

◉ **تذکرہ بزرگان روضۂ اشرفی**، مرتبہ: شاہ محمد امین عطا العمری۔ ملنے کا پتا: ۳-سلیم بلاک، اتفاق ٹاؤن نزد پولیس چوکی، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: ۰۳۰۰-۴۴۴۱۱۱۸۔ صفحات: ۲۳۴۔ قیمت (مجلد): ۳۰۰ روپے۔ [برعظیم پاک و ہند میں اشاعتِ اسلام میں صوفیاے کرام کی خدمات جلیل القدر ہیں۔ اس حوالے سے سلسلۂ چشتیہ کو باضابطہ وسیع تر خانقاہی نظام کی تشکیل کی بنا پر انفرادیت حاصل ہے۔ خواجہ معین الدین چشتی برعظیم میں اس سلسلے کے بانی ہیں۔ حضرت سید نظام الدین اولیا کی ہدایت پر اُن کے خلفا نے مختلف علاقوں میں روحانی